بسم اللہ الرحمن الرحیم

آدابِ کلام

مسلم! ادب سے ہر دم پہلے سلام کرنا
رفق و حیا سے بھر کر عمدہ کلام کرنا
قرآن کا ہے فرمان : قولِ سدید کہنا
اظہارِ حق کی باتیں مثلِ حدید کہنا
ہر دم کرو تواضع ، رِفعت کے ہو گے قابل
مرضِ انانیت سے ہو گا علاج حاصل
گالی کسی کو دینا خصلت نفاق کی ہے
دھوکہ فریب دینا عادت نفاق کی ہے
کذب و دغا کی ہرگز نیت نہ دل میں رکھنا
کبر و غرور سے بھی دامن بچا کے رکھنا
بچنا خوشامدی سے ، مٹی سے منہ کو بھرنا
الــدِیّــن ہے نصیحت ، صدق و وفا پہ مرنا
بن کے سدا قدر داں ، شاکر خدا کا بننا
ہمدم کا اپنے ہرگز ہمت شکن نہ بننا

ابو محمد